# صفائی سب کی ذمّے داری

ورک شیٹ برائے سبق ۱۲

فاعل: کسی بھی کام کو کرنے والا فاعل کہلاتا ہے۔مثلاً راشد پڑھتا ہے، جہاز اُڑ رہے ہیں، ان جُملوں میں راشد اور جہاز فاعل ہیں۔ فاعل کی علامت 'نے' ہے، جو فاعل کے فوراً بعد آتا ہے۔مثلاً امّی نے کھانا بنایا، اس جُملے میں امّی فاعل ہے اور علامت 'نے' امّی کے فوراً بعد ہے۔

مفعول: مفعول وہ ہوتا ہے جس پر کوئی کام کیا جائے۔مثلاً ردا نے خط لکھا، اس جُملے میں خط مفعول ہے۔مفعول کی علامت 'کو' اور 'پر' زیادہ استعمال ہونے والی علامات ہیں۔ یہ علامات مفعول کے فوراً بعد آتی ہیں۔مثلاً: ماں نے بچّے کو کھلایا، استاد نے میز پر کتاب رکھی۔ ان جُملوں میں علامت 'کو' بچّے کے بعد اور علامت 'پر' میز کے بعد ہے۔

۱۔ تین جُملے ایسے بنایئے جس میں ''نے'' استعمال ہو:

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| نے | |
| نے | |
| نے | |

۲۔ تین جُملے ایسے بنایئے جس میں ''کو'' استعمال ہو:

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| کو | |
| کو | |
| کو | |

۳۔ تین جُملے ایسے بنایئے جس میں "پر" استعمال ہو:

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| پر | |
| پر | |
| پر | |

۴۔ دیے گئے جُملوں میں علامتِ فاعل ’نے‘ اور علامتِ مفعول ’کو‘ اور ’پر‘ لگائیے۔

(ا) بانو ____________ سبق پڑھا۔

(ب) بچّے ____________ کھانا دو۔

(ج) الماری ____________ بستہ رکھا ہے۔

(د) راشد ____________ پودوں ____________ پانی دیا۔

(ہ) شاگرد ____________ استاد ____________ سلام کیا۔

(و) میں ____________ میز ____________ کتابیں رکھیں۔